2022年9月27日ジャング紙ラホール版1面

بلوچستان، فوجی ہیلی کاپٹر کو حادثہ، گر کر تباہ، 2 میجر سمیت 6 اہلکار شہید، پوری قوم غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں شریک ہے، وزیر اعظم

27 ستمبر 2022

راولپنڈی ، لاہور (ایجنسیاں / ٹی وی رپورٹ / نمائندہ خصوصی) پاک فوج کا ہیلی کاپٹر بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب گر کر تباہ ہو گیا جس کے نتیجے میں 2 پائلٹس سمیت ہیلی کاپٹر میں سوار تمام 6 جوان شہید ہو گئے جن کی نماز جنازہ پیر کو کوئٹہ گیریژن بلوچستان میں ادا کر دی گئی۔ شہداء کے جسد خاکی ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کر دیئے گئے جہاں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ انکی تدفین ہوگی۔ صدر وزیر اعظم سمیت سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے فوجی افسران و جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے جبکہ شہداء کے ایصال ثواب کیلئے سینیٹ میں بھی فاتحہ خوانی کرائی گئی۔ وزیر اعظم شہباز نے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے پوری قوم غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں شریک ہے جبکہ صدر مملکت نے شہداء کے لواحقین سے اظہارِ ہمدردی کرتے ہوئے شہداء کیلئے بلندی درجات کی دعاکی ہے۔ صدر مملکت نےشہداء کوخراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حادثہ میں جام شہادت نوش کرنے والے شہداء کو ان کی عظیم قربانیوں پر تمام قوم سلام پیش کرتی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک فوج کا ہیلی کاپٹر اتوارکی شب بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب فلائنگ مشن کے دوران گر کر تباہ ہو گیا۔ حادثے میں شہید ہونے والوں میں پائلٹ میجر محمد منیب افضل، پائلٹ میجر خرم شہزاد شامل ہیں، دیگر عملے میں نائیک جلیل، صوبیدار عبد الواحد، سپاہی شعیب اور سپاہی محمد عمران شامل ہیں۔ میجر خرم شہزاد کی عمر 39 سالہ تھی اور ان کا تعلق اٹک سے تھا، انہوں نے سوگواروں میں بیوی اور ایک بیٹی چھوڑی ہے، شہداء میں شامل میجر محمد منیب افضل کی عمر 30 سال تھی، ان کا تعلق راولپنڈی سے تھا جبکہ انہوں نے ورثاء میں دو بیٹے چھوڑے ہیں۔ افسوسناک حادثے میں شہید صوبیدار عبدا لواحد کی عمر 44 سال تھی، وہ کرک کے گاؤں صابر آباد کے رہائشی تھے، ان کے 3 بیٹے اور ایک بیٹی سمیت 4 بچے ہیں۔ شہید محمد عمران کی عمر 27 سال تھی، وہ مخدوم پور خانیوال کے رہائشی تھے، وہ 2 بیٹیوں اور ایک بیٹے کے باپ تھے۔ شہید نائیک جلیل کی عمر 30 سال تھی، وہ ضلع گجرات کے رہائشی تھے، ان کے 2 بچے ہیں، شہید سپاہی شعیب کی عمر 35 سال تھی اور وہ ضلع اٹک کے رہائشی تھے۔ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے کنوینر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے سانحہ ہرنائی ہیلی کاپٹر میں 8 فوجی جوانوں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تمام شہداء کے سوگواروں کو صبر کی تلقین کی ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔